جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب والا! اس کے بارے میں 'میں مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں جو نیا section propose کیا گیا ہے ' اس سے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ جو واقعات شہری علاقوں میں ہو رہے ہیں ' حکومت کی نظر میں یہی واقعات رونما ہوتے ہیں اور جو کچھ دیہی علاقوں میں ہو رہا ہے جیسے ابھی بھنڈر صاحب نے point out کیا ہے ' یہ بات حکومت کے ذہن میں نہیں ہے۔ یہ ترمیم بڑی جائز اور مناسب ہے اور یہ پورے کا پورے section اس ساری صورت حال کو cover کرے گا۔ اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ حکومت کو چاہئیے کہ اس کو منظور کرے۔

جناب چیئرمین۔ جناب وزیر صاحب ۔ کیونکہ پروفیسر صاحب تو نہیں ہیں ۔

میاں رضا ربانی۔ میں اس سلسلے میں اتنی گزارش کروں گا کہ جہاں تک رکشہ کا تعلق ہے ' اس بارے میں یہ کہنا بالکل صحیح نہیں ہے کہ چونکہ یہ غریبوں کی سواری ہے ' اس لئے اس کو include نہیں کیا گیا ۔ تاہم اگر آپ statistics اٹھا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ شاذونادر ہی کہیں پر رکشہ کی چوری کا واقعہ نظر آئے گا اور جیسے آپ نے very rightly point out کیا تھا کہ the language of the section itself 381(A) to an extent does cover this. جہاں تک ٹیوب ویلوں اور ٹرانسفارمروں کی چوری کا تعلق ہے ۔ they are covered, under 379, already. So therefore on the basis of that I would oppose this.

جناب چیئرمین۔ O.K., میں اسے put کرتا ہوں ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا ! بیشتر اس کے کہ آپ اسے put کریں ' میں ایک بات فاضل وزیر قانون سے کہنا چاہتا ہوں کہ میں ان کی مجبوری سمجھتا ہوں اور ان کی سب سے بڑی مجبوری یہ ہے کہ یہ بل Joint Sitting میں نہ جائے ۔ تاہم میں یہ کہتا ہوں کہ اگر یہ as Private Members Bill amendments ہم لے آئیں اور اس سے آپ اتفاق کریں کیونکہ اس سے آپ کا کوئی نقصان نہیں ہے ۔ آپ کا متن غلط نہیں ہوتا ہے ۔اس صورت میں آپ ہمیں یہ assurance دیں کہ آپ اس کی مخالفت نہیں کریں گے تو ہم اس کو move نہیں کرتے۔

میاں رضا ربانی۔ جناب والا ! بھنڈر صاحب کو پتہ ہے کہ میں نے ہمیشہ accommodation کی ہے اور in fact after this Bill میں بھنڈر صاحب سے عرض کرنے والا تھا کہ overall amendments in criminal law they are under the consideration of the Law Mininstry اور اس میں ہم ان کی یہ ترامیم اور دیگر ترامیم اگر وہ ہمیں دیں' تو we will incorporate them in that. ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ ہم نے تو amendments دی ہیں۔

میاں رضا ربانی۔ میں کہہ رہا ہوں کہ ان ترامیم کو اور دوسری ترامیم کو بھی جو یہ

ہمیں دیں گے

We will accommodate these as well and we will accommodate any other suggestions from any Senator from that side also.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اگر حکومت کی یہ difficulty ہے کہ یہ بل Joint sitting میں نہ جائے اور یہ ان کے لئے پریشانی نہ ہو تو one by one کر کے specific بات کر دیں کہ اگر ہم Private Members Bill لاتے ہیں اور حکومت اس کو اپوز نہیں کرے گی ۔ ٹھیک ہے کہ ہم نے پہلے notice دے دیا ہے۔ they have the notice کہ ہم سب نے یہ امنڈمنٹس propose کی ہیں۔--

جناب چیئرمین۔ بہرحال اس کو discuss کر لیں۔

Mian Raza Rabbani: I am ready to accommodate them and another thing is Sir, I did a little bit home work,

وہ آپ کے لئے بھی میں نے خاص طور پر کیا تھا کہ کل جو Civil Law Reforms کی بات اٹھی تھی۔ اس میں ہماری کوئی کوتاہی نہیں ہے۔ this is the Senate Amendments سینیٹر جاوید اقبال صاحب اس کے چیئرمین ہیں انہوں نے ایک Secretariat's Notification کی اس کے بعد انہوں نے meeting call نہیں کی۔ meeting call

So it is not we who are dragging our feet, we stand by our commitment of the Civil Reforms also and for this also , I stand by that.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ ایک اور بھی بل ہے ۔ یہ تین بل ایسے اب تک pending ہیں۔ تو ٹھیک ہے۔ پہلے بل کی Clause-2 پر ہم نے جو amendment تجویز کی ہے۔اگر لاءمنسٹر صاحب کہتے ہیں ٹھیک ہے ۔ We will bring a private members Bill, we agree to that.

جناب چیئرمین۔ تو ان حالات میں You don't want to press this amendment۔

Ch. Muhammad Anwar Bhindar: In view of the statement of the honourable Law Minister, we don't press it.

Mr. Chairman: Does the House permit Chaudhry Muhammad Anwar Bhinder, Mr. Aftab Shaikh and Professor Khurshid Ahmed to withdraw this Amendment?

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Amendment stands withdrawn.

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! یہ کہہ رہے ہیں کہ ووٹ کرالیں ۔ ووٹ کرانا چاہتے ہیں تو بیشک ووٹ کرائیں ۔ ووٹوں سے ہماری امنڈمنٹ کو defeat کر دیں ۔ ہم اس بات کے لئے تیار ہیں ۔ووٹوں کی بات نہیں ہے ۔ یہ کوآپریشن نہیں ہے کہ ووٹ کرا لو ۔ آپ کے ووٹ زیادہ ہیں آپ ہماری ساری امنڈمنٹس reject کرا دیں۔ ہم ایک ایک امنڈمنٹ move کریں گے ۔ اور اس پر stand لیں گے---

جناب چیئرمین۔ کم از کم آج لاءمنسٹر صاحب ان کا کورم بالکل پورا تھا۔

میاں رضا ربانی۔ جناب صورت حال آپ کے سامنے ہے ۔ میرے پاس کورم پورا تھا۔ I could have gone ahead with the legislation but I requested you to please hold on so that I can get the Opposition's point of view.

Mr. Chairman: I appreciate.

میاں رضا ربانی۔ بھنڈر صاحب ایسی بات نہیں ہے ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ ہم تو اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ آپ کی اپوزیشن کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اپوزیشن کریں گے ۔ یہاں ہم amendments دیں گے آپ بے شک defeat کر دیں ۔ آپ کا بل بھی defeat ہوگا ۔ آپ کی بے عزتی ہوگی ۔ ہمارا بل defeat ہوگا ہماری بے عزتی نہیں ہوگی ۔ ہم نے اپنا ایک رول play کرنا ہے لیکن یہ بات نہیں ہے کہ آپ ہمیں عددی قوت کا رعب دے کر بات کریں۔

میاں رضا ربانی۔ جناب! بھنڈر صاحب آپ ذرا ٹھنڈے ہو کر میری بات سن لیں جب ہاؤس شروع ہوا تھا اس وقت ہاؤس کے اندر کورم موجود تھا ۔ چیئرمین صاحب بیٹھے ہوئے تھے ۔

آئیم نمبر ۲ کال ہو گیا تھا ۔ آپ کی بینچز خالی تھیں ۔ میں نے چیئرمین صاحب سے request کی کہ آپ ذرا ایک منٹ ٹھہر جائیں میں ایک بار پھر effort کرکے آتا ہوں کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ legislation میں ہم آپ کو شریک کریں۔ بالکل ایسی بات نہیں ہے ۔ میرا خیال ہے شفقت محمود صاحب نے ایسے ہی مذاق میں بات کہی ہے ۔ آپ پلیز اس کو یوں نہ سمجھیں ۔

جناب شفقت محمود۔ میں نے تو یوں ہی از راہ مذاق کہا تھا ۔ وہ اس کو serious لے گئے ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ ہم آپ کے بہت مشکور ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب شہزاد گل صاحب'

جناب شہزاد گل۔ جناب والا! یہ بات ریکارڈ پر آ جائے کہ ہمارا واک آؤٹ کورم توڑنے کے لئے نہیں تھا ۔ ہمارا واک آؤٹ شہباز شریف کے اٹک جیل منتقل کرنے کا معاملہ جو اٹھا تھا اس پر تھا ۔ ہم کورم توڑنا نہیں چاہتے تھے۔

جناب چیئرمین۔ protest تھا ۔ جی جناب '

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چونکہ ایک spirit of accommodation میں ساری بات ہو رہی ہے اور لا منسٹر صاحب کا انداز دوسرے معاملات میں کچھ اور ہوگا لیکن legislation کے معاملے میں وہ definitely accommodation show کرتے ہیں۔ And we are grateful to him. ۔

Mr. Chairman: Good. Now we take Amendment No.2

بھنڈر صاحب آپ کی ایک اور amendment ہے نمبر ۲ پر محمد انور بھنڈر' آفتاب شیخ اور پروفیسر خورشید احمد صاحب کی جانب سے ۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جی میں بھی move کر رہا ہوں۔

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I beg to move that in Clause 2 , in the proposed new Section 381(a) after the word "tractor", occurring in 4th line, the word and the comma or aid, abet, conceal or aid in its disposal be inserted.

جناب چیئرمین۔ جی جناب شیخ صاحب آپ بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جی میں تائید کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Professsor Sahib, are you also supporting this Amendment?

Prof. Khurshid Ahmed: Yes, I am supporting to both Amendments.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mian Raza Rabbani: Opposed.

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں یہ عرض کروں کہ ان کے قانون کی منشاء اور میرا خیال یہ ہے کہ یہ کہیں کہ ہر قانون کی منشاء یہ ہے کہ جو aid کرتا ہو یا abet کرتا ہو۔ ان سے رہ گیا ہے ۔ جناب والا! ہو جاتا ہے۔ ہم سے بہت سی غلطیاں ہوتی ہیں۔ہم اس ایوان میں کھڑے ہو کر اعتراف کرتے ہیں کہ ہم غلطیاں کرسکتے ہیں۔ اسی طرح کوئی چیز رہ جاتی ہے۔ کوئی چیز نیشنل اسمبلی کے نوٹس میں نہیں آتی ۔ لاءمنسٹری بھی infallable نہیں ہے۔ لاءمنسٹری سے بھی غلطیاں ہو سکتی ہیں۔ اور ہم اس کو improve کرنا چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو aid کرے ۔ جو abet کرے ۔ جناب والا! کار کی چوری میں ایک آدمی ملوث نہیں ہوتا۔ آپ دیکھتے ہیں کہ گوجرانوالہ سے کار چوری ہوتی ہے ۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں ان چوروں کے ایجنٹ موجود ہوتے ہیں ۔ وہ مدد کرتے ہیں وہ آدمی بھیجتے ہیں ۔ وہ اس کو توڑتے پھوڑتے ہیں۔ پھر اس کے پرزوں کو dispose of کرتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ جو مدد کرتا ہے ۔ وہ چوری کا مرتکب تو نہیں ہے۔ لیکن جو aid کرتا ہے اور اس کی concealment میں حصہ لیتا ہے ۔ اس کو بھی سزا دو ، اس کو بھی مجرم رکھو ۔ اس پر آپ پردہ کیوں ڈالنا چاہتے ہیں۔ اس کو آپ اس سے کیوں نکالنا چاہتے ہیں۔ اس کا مقصد تو یہ ہوگا کہ صرف چور کو سزا ہوجو چوری کرانے والا ہے اس کو بھی سزا ہو آپ کہتے ہیں کہ یہ مجرم نہیں ہے ۔

جناب والا! ہمارا کہنا یہ ہے کہ اس میں کم از کم ان الفاظ کو add کرلیں ۔ ہم اس

قانون کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ ہم آپ کے اختیارات میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم اس کا scope وسیع کرنا چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کو بھی سزا ملے جو پس پردہ ان کی پشت پناہی کرتے ہیں ۔ اس لئے ان الفاظ کا اس میں اضافہ ہونے سے کوئی نقصان نہیں ہوگا بلکہ لاء بہتر ہوگا ۔ اس لئے میں جناب فاضل وزیر قانون سے یہ مودبانہ التماس کروں گا کہ ہمارے سامنے صرف ایک جوائنٹ سٹنگ کا بت نہ کھڑا کردیں ۔ مجھے یقین ہے کہ اگر یہ ترمیم جناب والا ہم دے دیں تو وزیر قانون جتنی ترامیم مانتے ہیں اتنی ہماری کوئی نہیں مانتا ۔ لیکن یہ ہوا جو کھڑا کر دیا ہے۔ خدا کے لئے اسے بھی دور کر دیجئے ۔ کیا فرق پڑے گا اگر ایک بل جوائنٹ سٹنگ میں چلا جائے گا ۔ لاء بہتر کیجئے ۔ لاء جو بہتر ہو کر پاس ہو جائے گا وہ عوام کے لئے ہو گا۔ وہ ہمیشہ کے لئے ہوگا ۔ وہ آنے والی نسلوں کے لئے ہوگا ۔ اس کو تو خراب نہ کیجئے۔ صرف یہ اس لئے کہ یہ جوائنٹ سٹنگ کا بل ہوجائے گا ۔

جناب چیئرمین۔جی آفتاب شیخ صاحب ۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔جناب چیئرمین !بات یہ ہے کہ آج جس انداز سے یہ بل ہم پاس کررہے ہیں ۔ آپ نے دیکھا کہ ایک ایگریمنٹ ہوا ۔ جس میں یہ بات طے ہوئی تھی پہلی والی کلاز پر ' کہ ہم پرائیویٹ ممبرز بل لے آئیں گے ۔ تو اس سپرٹ اور accommodation کے باوجود جو بات آپ کے سامنے آئی ۔ ابھی جو فاضل سینئر نے کہی۔ یہ بات مسلمہ ہے۔ اگر نیشنل اسمبلی کوئی بل پاس کرکے یہاں بھیجتی ہے ۔ تو یہ ادارہ redundant ہے کہ اس پر ٹھپہ لگائے ۔ اگر یہ سناسی' اٹھاسی ' نواسی جتنے بھی ممبران سینٹ کے ہیں ۔ اپنی مرضی سے کوئی بہترین سے بہترین ترمیم بھی کرنا چاہیں تو صورتحال یہی ہوگی طریقہ کار یہی ہوگا جو ابھی ہم نے agree کیا ۔ کہ پرائیویٹ ممبرز بل لے آئیں ۔ جس پر گورنمنٹ اپنی accommodation show کرے گی ۔ میں اس بات کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ کہوں گا کہ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے ۔ کہ جوائنٹ سٹنگ کے ہوّے سے اتنے پریشان ہیں کہ اس پورے ادارے کو ' جو اپرہاؤس کہلاتا ہے ۔ جو constitutionally exist کرتا ہے۔ اس کی حیثیت کو' آپ نے مسخ کر دیا اور اب ہمارے لئے چارہ کوئی نہیں ہے کہ پرائیویٹ ممبرز بل لائیں۔ آپ کسی ترمیم کے لئے تیار نہیں چاہے کتنی ہی بہتر ترمیم کیوں نہ ہو ۔

دوسری بات میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر یہ proposed amendment جو ابھی ہم اس کلاز پر کررہے ہیں۔ aid, abet, conceal or its disposal آپ اس کو نہیں مانیں گے تو خالی principal accused جو ہے جو offender ہے جو چوری کرنے والا ہے جس نے کار لفٹ کی' اس کو تو آپ نے 381-A میں پکڑ لیا۔ لیکن جس کے پاس اس کار کا possession ہے ' اس کو چونکہ section 381-A نہیں پکڑتا کہ اس نے وہاں سے گاڑی نہیں اٹھائی۔ جس کے پاس اس وقت possession ہے ۔ تو پھر اس کو 411 میں تین سال آپ سزا دیں گے۔ Because he possesses the stolen property that is all تو یہ اس legislation میں' اس لحاظ سے بڑی anomaly ہے کہ آپ دونوں کو نہیں پکڑ رہے 'جس چور نے کار اٹھائی 'پچاس ہزار ' یا دس ہزار یا بیس ہزار کار کو اٹھانے کی جو اس کی محنت ہے' مزدوری ہے' کمیشن ہے جو طے ہے پہلے سے پیسہ ' کہ سکوٹر کا اتنا ' موٹر سائیکل کا اتنا اور کار کا اتنا طے گا۔ وہ اس نے لیا اور وہ ہوگیا غائب ۔ جو اصل چور ہے جس کے پاس کار ہے ۔ موٹر سائیکل اور سکوٹر ہے۔چیز ہے چوری کی ' اس کو اگر آپ نے پکڑا تو آپ سات سال سزا نہیں دے سکتے ۔اس لئے کہ abets کے الفاظ آپ شامل نہیں کر نا چاہتے ۔ He will be held responsible for possessing stolen property and thats all. اس لئے میں سمجھتا ہوں ۔

Mr. Chairman: What would be your opinion on section 107 of the Penal Code.

جناب آفتاب احمد شیخ: ہاں' آپ وہاں کیوں جا رہے ہیں۔ اس میں یہ الفاظ کیوں شامل نہیں کرتے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: Statement of objects and reasons بھی موجود ہیں جناب ان کے۔

جناب آفتاب احمد شیخ: میں عرض کروں کہ آپ general question میں کیوں جا رہے ہیں۔ آپ کو اس offence کی ضرورت کیا ہے۔ یہ offence تو پتہ نہیں کتنے laws میں covered ہے۔ میں اس میں جانا نہیں چاہتا ہوں۔ لیکن جب آپ ایک specific offence create کر رہے ہیں 381(a) کا اور اس میں سزا بھی آپ نے دی ہے۔ تو وہ تمام

متعلقہ لوگ جو اس سے cover ہوتے ہیں ' ان کو شامل نہ کرکے میرے سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ اس کے اندر کیا قلاسفی ہے تو میں یہ عرض کررہا ہوں کہ arguments جو جناب بھنڈر صاحب نے دیئے ہیں میں ان کی مکمل تائید کرتا ہوں اور اس میں یہ الفاظ شامل ہونے چاہیئں تو اس کو fully covered آپ بنائیں۔ آپ دیکھتے ہیں جناب' کہ کار چوری ہوئی ۔ چوری کرنے والے نے پیسے لئے ' دوسروں کے حوالے کیا۔۔۔۔

جناب چیئرمین : وہ تو آپ پہلے کہہ چکے ہیں۔ بار بار نہ کہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ: دوسرے نے اس کے ٹکڑے کئے۔

جناب چیئرمین : ٹکڑے کئے۔ پروفیسر صاحب کی بات کو بھی سن لیں۔ چلیے جناب پروفیسر صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ: تو میں اس کی مکمل تائید کرتا ہوں۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میں پوری پوری تائید کرتا ہوں اور اس کو دوبارہ بیان نہیں کروں گا۔ لیکن ایک بار پھر وزیر قانون کو اس طرف متوجہ کروں گا کہ فی الحقیقت آج ہمارے معاشرے میں جرائم پیشہ لوگوں کے سرپرست حکومت کے ایوان میں موجود ہیں ' ان کی protection ان کو حاصل ہے اور وہ یہ سارے کام کروا رہے ہیں۔ وہ اس کے اندر بچ جاتے ہیں اور جو ان کے آلہ کار بنے ہیں وہ پکڑے جاتے ہیں۔ اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ترامیم بہت اہم ہیں۔ اس کے بغیر قانون نامکمل ہے۔ جو understanding ہمارے درمیان ہوئی ہے ۔ ہم بلاشبہ اس کا احترام کریں گے لیکن میرے خیال میں حکومت کو بھی اس معاملے میں اپنی روش بدلنی چاہیئے۔ اور ممبران جو اچھی ترامیم لائیں ان کو قبول کرنے کی روایت بھی ڈالے۔

جناب چیئرمین : شکریہ جی۔ جناب وزیر قانون۔

Mian Raza Rabbani: Sir, very briefly, firstly, I would like to say that there is no question of trying to make the Senate redundant under any circumstances. There have been Bills that have been passed by the Senate and we have got them through the National Assembly without any amendment

whatsoever. So, if one would say that is acting as rubber stamp or so..... So, there is no such intention at all that the Senate should be reduced to a rubber stamping authority and as I said yesterday also, I reiterate again today that it is our endeavour that the majority of the original Bills originate in the Senate. The other question is that there is no fear or "Hawwa" as has been said of the Joint Session. But since a Bill has been passed by the National Assembly by majority therefore we thought that it would be in fitness if the Senate would also pass it without getting any amendments done.

Now,Sir, coming to the amendments in question, the original Bill, when it was moved in the National Assembly, carried these provisions in it but somehow or the other the Standing Committee of the National Assembly in it's wisdom decided to delete those provisions and came up with 381(a) in the form that it has been passed in the National Assembly and the consequential amendments to the schedule.

So, that shows that the intention of the legislature in the National Assembly, where the Bill originated, was very clear.

Secondly, sir, I would say that their fears can be alived by the fact that secions 107 to 109 are present which covers these abetment and all of this. So, on the basis of that and on the basis of the cover blanket understanding that I have given, I would request that this may also be withdrawn or not pressed.

in the light of the کرتے ہیں withdraw آپ جناب کیوں ، جناب چیئرمین

-statement.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: In view of the assurance given by the honourable Law Minister, I will request you and through you this

House to allow me to withdraw this amendment.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: I follow it, sir.

Mr. Chairman: Khurshid Sahib you also withdraw. So, the House permit Senators to withdraw the amendment.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: O.K. permitted to be withdrawn. Next is another amendment by Shahzad Gul Sahib. Please read it.

Mr. Shahzad Gul: Mr. Chairman, I beg to move that in clause 2 for the proposed new section 381(a), the following be substituted namely; " 381(a) theft of a car or other motor vehicle whoever commits or abets or conspires to commit theft of a car or any other motor vehicle including motorcycle, scooter, bicycle, tractor etc. are assists in the concealment or disposal of stolen car or any other motor vehicle shall be punished with imprisonment for a term which may extend to seven years and with fine not exceeding the value of the stolen car or other motorvehicle ".

جناب چیئرمین۔ جناب آفتاب شیخ صاحب آپ کچھ کہنا چاہیں گے اس پر۔

Mr. Aftab Ahmed Shaikh: My submission is that in view of the previous two clauses and in view of the fact that the Law Minister has said that they can move a private Bill, I think this is covered by those two undertakings.

جناب شہزاد گل ۔ جناب والا ! میری مختصر سی یہ گزارش ہے کہ یہ بل جو ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے اور جو اسمبلی سے پاس ہو کر یہاں پر آیا ہے ' یہ پشاور ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کی بنیاد پر draft کیا گیا ہے اور دونوں Houses میں پیش ہوا ہے ' وہ تھا کہ State

V/S Gulzar Hussain Shah ' اس فیصلے میں پشاور ہائی کورٹ نے یہ recommend کیا تھا کہ Motor Vehicle کی چوریاں بہت زیادہ ہوتی ہیں ' ان کی سزا سخت ہونی چاہیئے ' ان recommendations کو سامنے رکھ کر یہ بل draft کیا گیا تھا اور اسمبلی میں پیش کیا گیا۔ لیکن پشاور ہائی کورٹ نے دو باتوں کی recommendation کی تھی' ایک یہ کہ کار چوری یا دیگر Motor Vehicles کی چوری کی سزا زیادہ کی جائے کیونکہ موجودہ Section 379 اس کو cover نہیں کر رہا تھا اور وہ Section 411 میں بھی cover نہیں ہو رہا تھا ' اس لئے انہوں نے recommend کیا تھا کہ Pakistan Penal Code میں ایک اضافہ کیا جائے اور نیا Section 38(a) کا اضافہ اسی recommendation کے تحت کیا جا رہا ہے' لیکن پشاور ہائی کورٹ نے یہ بھی recommendation کی تھی کہ بل کے جو اغراض و مقاصد میں بھی درج ہے ' including for assistance , in connection and disposal of such stolen vehichles اب ایک کو تو انہوں نے cover کر لیا ' لیکن یہ دوسری جو تھی کہ abetment کوئی کرے گا یعنی concealment کرتا ہے ' diposal میں اس کی کوئی امداد کرتا ہے ' یہ ساری باتیں جو ہیں یہ موجودہ ترمیم cover نہیں کرتی ۔ کل بھی ہمارا first reading کے دوران یہی موقف تھا کہ یہ بل نامکمل ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ یہ آفتاب صاحب فرما رہے ہیں کہ چونکہ ایک understanding ہو گئی ہے تو یہ مسئلہ بھی وہاں پر کسی طور پر۔۔۔۔۔

جناب شہزاد گل ۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ یہ assurance دے کہ ہم دوبارہ Ordinance کے ذریعے ان اغراض و مقاصد کو یا پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہوئے دوسرا گورنمنٹ بل لے آئیں گے' یا پھر ہم Private Members Bill لاتے ہیں ' کیونکہ جناب والا ! اسی سیشن میں اور بھی بل آ رہے ہیں ' مثلاً 'Capital Development Authority Bill' میں گزارش کر رہا ہوں کہ موجودہ گورنمنٹ کا یہی طریقہ چلا رہا ہے کہ جب کوئی عدالت فیصلہ کر لیتی ہے تو اس کے فیصلے کو nullify کرنے کے لئے یہ amendment لاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ notwithstanding anything contained in وغیر وغیرہ۔۔۔

جناب چیئرمین ۔ وہ جب آئے گا پھر غور کر لیں گے ' ابھی تو اس amendment پر

بات ہو رہی ہے ' جی پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین! میاں رضا ربانی صاحب سے ہمیں بہت سی شکایتیں ہیں لیکن legislation کے معاملے میں ہم نے دیکھا ہے کہ ان کا رویہ بھی تعاون کا ہوتا ہے تو ہم نے اس سے زیادہ تعاون کیا ہے اور اسی بنا پر on record ہے جو چیزیں لے آئے ہیں ہم اس پر اصرار نہیں کرتے اور ہم کوشش کریں گے کہ جس دن سپلیمنٹری legislation ہونی ہے اس میں ان خامیوں کو دور کیا جا سکے۔

Mr. Chairman: So you want to withdraw this. Does the House permit Senator Shahzad Gul, Aftab Sheikh and Prof. Khurshid Sahib to withdraw this amendment?

(The motion stands withdrawn)

Mr. Chairman: So the amendment stands withdrawn.

اور تو کوئی amendment نہیں ہے

Now I put clause 2 to the vote of this House. The question is that clause 2 formspart of the bill.

(The motion was carried)

کلاس 3 پر بھی ایک amendment ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : لا منسٹر صاحب اس پر رائے نہیں دے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی یہ درست ہے ربانی صاحب آپ رائے نہیں دے سکتے۔ کلاس 3 کی amendment ہے

چوہدری محمد انور بھنڈر: move کرتا ہوں جناب

I beg to move sir that in clause 3 in the proposed new entry to the Second Schedule in Column 7 for the words "imprisonment of either description for 7 years and fine" the word "imprisonment of either description which may extend to 7 years and fine" be substituted.

جناب والا! گزارش یہ ہے کہ اوپر ملاحظہ فرمائیں کہ سیکشن میں انہوں نے کہا کہ imprisonment ہو سکتی Which may extend up to seven years لیکن یہاں جو گوشوارہ دیا ہے جب شیڈول میں آئے ہیں تو شیڈل میں انہوں نے 7 سال کر دیا ہے۔ 7 سال اگر سزا ہو سکتی ہے تو کون سا first class Majistrate سات سال سزا دے گا۔ یہاں آپ نے وہ الفاظ نہیں دہرائے جو کہ آپ کے substantive offence الفاظ ہیں یہاں آپ نے سات سال کا دیا ہے۔ شیڈول کو کوئی پڑھے گا تو سات سال ہی سزا ہو سکتی ہے نہ چھ سال ہو سکتی ہے نہ ساڑھے چھ سال ہو سکتی ہے' نہ سات سال سے اوپر ہو سکتی ہے۔ تو یہ شیڈول جو تھا یہ کم از کم substantive offence کے مطابق تو ہونا چاہیئے۔

جناب چیئرمین، باقی اسی طرح ہیں۔ باقی offences بھی اسی طرح لکھے ہوئے ہیں۔

میاں رضا ربانی، میں بھی یہی عرض کر رہا تھا کہ اگر آپ شیڈول دیکھیں گے تو شیڈول کے اندر کالم 7 میں جو ہے

You will find exactly this wording 'the maximum punishment is given'. Sir in all of them if you look.

چوہدری محمد انور بھنڈر، نہیں سر سوال یہ ہے کہ اگر آپ اس کے مطابق بنائیں گے یا شیڈول میں تو چونکہ پہلے لکھا ہوا ہے اس لئے یہ بھی اسی طرح لکھا جائے گا۔ اس کی philosophy مجھے سمجھا دیں۔ یعنی اگر آپ اس کو extend کر دیں گے تو اس میں ہم کو کوئی نقصان نہیں ہو گا۔

پروفیسر خورشید احمد، یہ ڈرافٹنگ کی خرابی ہے۔

Mian Raza Rabbani: The feature which has already in existance at the moment is that in column 7, in all cases the maximum punishment has been given.

جناب چیئرمین، ہاں یہ بات صحیح ہے لیکن پتہ نہیں کیوں ہے آپ کی بات درست ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب والا! بہت سی باتیں ایسی ہیں' جناب والا! کہ اگر وہ

ایک دفعہ ہو گئی ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ یہ اسی طرح چلتی جائیں۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ اگر اس کی improvement کردیں گے تو کیا basic principle law کی مخالفت یا خلاف ورزی ہو جائے گی۔ یا شیڈول میں اس کو اس کے مطابق بنا دیں substantive offence کے شیڈول کو بھی تو اس میں کونسی برائی ہو گی۔

Mian Raza Rabbani: Sir, the only problem at this stage would be that since this would be perhaps the only exception then the question would come in as to its interpretation that is why one has been singled out and the others are showing the maximum punishment so that would then open up a totally new controversy altogether so that is why in order to keep continuity and in order to maintain the pattern that has already been said that is why it has been done.

چوہدری محمد انور بھنڈر : جناب لاء تو ہمیشہ progressive رہا ہے لاء کو ہم نے آگے بڑھانا ہے لاء کو نہ ہم نے پیچھے لے جانا ہے ' نہ staticبنانا ہے اگر اس میں برائی ہے----

Mr.Chairman: This may be helpful, I do not know, Minister Sahib

شیڈول 2 میں ایک explanatory نوٹ ہے اس میں لکھا ہوا ہے ۔

The entries in the 7th and Second columns to this schedule headed respectively offence and punishment under the Pakistan Penal Code are not intended as definitions of the offences and punishments described in the several corresponding sections of the Pakistan Penal Code or even abstracts of those sections but mainly as references to the subject of the section the number of which is given in the first column. So may be that covers this.

چوہدری محمد انور بھنڈر : وہ تو جناب نمبر کے مطابق ہوا۔ 381,380 یہ تو offence کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: شیڈول میں سارے offences دیئے ہوئے ہیں اور سب میں انہوں

punishment up to 7 years, which may extend up to five years کہ ہوا ہے کیا یہ نے
لیکن کالم 7 میں انہوں نے صرف یہ دیا ہوا ہے مثلاً 109 کا دیا ہوا ہے۔

same punishment as the offence abaited. Next it is 115, Imprisonment of either description for 7 years and fine, although in the main offence it must be up to 7 years.

اس طرح باقی بھی یہی کیا ہوا ہے۔ یعنی جتنے بھی offences ہیں اس میں یہی کیا ہوا ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر : اس میں تو بہت سی چیزیں ایسی ہیں مثلاً میں آؤں گا statement of objects and reasons اور میں اس ہاؤس میں plead کروں گا جناب اس ہاؤس میں اور جناب کو بھی statement of objects and reasons جو کبھی بھی put نہیں ہوتی to the vote of the House لیکن کہا جاتا ہے that was the statement of objects and reasons. اور interpretation میں ہمیشہ عدالتوں میں یہ کہا ہے ۔ میں تو یہ تجویز ہمارے لاء کو اس سلسلے میں بھی consideration پرانے طریقہ کار سے تبدیل ہونی چاہئیں اور اگر وہ وہاں کرنے والا ہوں کہ ہماری کچھ ہیں تو شیڈول میں بھی وہی ہو .... Sir with the permission of my friends, in view of the۔

جناب آفتاب احمد شیخ: سر یہ formal amendment ہے اور یہ اس بل کو اور صحیح کرنے کے لئے تھا۔ جو بھنڈر صاحب بات کہنے والے ہیں وہ کہہ دیں We are agree with you۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب یہ ڈرافٹنگ کا مسئلہ تھا اگر یہ سمجھتے ہیں کہ دوسرے طریقے سے غور ہوجاتا ہے تو we don't press۔

Mr. Chairman: O.K.. The House permits the honourable Senators to withdrawan this amendment.

اور تو کوئی امنڈمنٹ نہیں ہے۔

(The amendment is withdrawn)

چوہدری محمد انور بھنڈر : ہیں جناب۔

جناب چیئرمین: تو move کریں۔

Sir, I beg to move that in Clause 3 in the proposed entry of the Second

Schedule in Column A for the words "Magistrate of the first class" the words "Judicial Magistrate" having power under Section 13 of the court " be substituted.

جناب چیئرمین، جی جناب آفتاب صاحب آپ تائید کرتے ہیں۔خورشید صاحب آپ بھی۔

جناب آفتاب احمد شیخ، سو فیصدی۔

پروفیسر خورشید احمد، یہ بہت اہم ہیں اس پر ہم بھی بات کریں گے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب ہم نے ان کی سب باتیں مانی ہیں ہماری یہ ایک امنڈمنٹ مان لیں۔ اور یہ میں سمجھتا ہوں جناب کہ رضا ربانی صاحب خود ذہنی طور پر اس کے حق میں ہیں۔ اور ذہنی طور پر اس کو قبول کرتے ہیں۔ لیکن دراصل جناب بات یہ ہے کہ اس امنڈمنٹ کے ذریعے سے ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ جو آپ نے شیڈول میں رکھا ہے court of session یا مجسٹریٹ درجہ اول اس کو try کرے گا۔ سزا تو آپ نے رکھی سات سال لیکن اس میں کہہ دیا کہ trial by court of session and magistrate first class ہے ظاہر ہے جناب والا دفعہ 32 کے تحت ایک مجسٹریٹ first class تو صرف تین سال تک سزا دے سکتا ہے۔ اس لحاظ سے جو آپ چالان دیں گے وہ بھی ظاہر ہے کہ آپ مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں دیں گے۔ سیشن کورٹ میں تو آپ نہیں دیں گے۔ جو trial مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کا ہے اس کو مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کی عدالت میں دیں گے۔ مجسٹریٹ فرسٹ کلاس اس کو try کرے گا وہ تین سال سے زیادہ سزا نہیں دے سکے گا لیکن میرے فاضل وزیر قانون نے یہ کل فرمایا تھا کہ جی نہیں وہ بھیج بھی سکتا ہے ۔ جناب والا میں یہ عرض کروں کہ آپ کی پریکٹس میں کتنے کیسز ایسے ہونگے جو کہ مجسٹریٹوں نے وہاں بھیجے ہوں گے مجسٹریٹ تو سیشن جج کے پاس کیس بھیجنے سے ڈرتا ہے کہ سیشن جج کہے گا کہ تم میری pendancy کو بڑھا رہے ہو۔ مجھے کیسز تم بھیج رہے ہو۔ مجھے مت کیس بھیجو۔ کوئی نہیں بھیجے گا۔ کوئی جرات نہیں کرے گا کوئی نہیں بھیجتا۔ وہ خود ہی سزا دے دے گا دو سال دے دے تین سال دے دے تو اس کی کار چوری کی سزا تین سال کی تین سال ہی رہے گی۔ آپ کی نیت اور منشاء پوری نہیں ہو سکے گی۔ کہ ان کو سزا زیادہ ہو اس کو چار سال سزا ہو یا اس کو پانچ سال سزا ہو' یا اس کو سات سال سزا ہو۔ مجسٹریٹ درجہ اول کو سزا دینے کا اختیار ہی نہیں ہے ہم کہتے ہیں کہ یہ مجسٹریٹ سیکشن 30 کے پاس بھیجو۔ اس لئے کہ

مجسٹریٹ 30 اگر سنے گا تو وہ سات سال تک سزا دے سکے گا اور آپ کے قانون کی منشاء پوری ہوگی۔ اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو آپ ایک طرف سزا بڑھا رہے ہیں دوسری طرف سزا پر پابندی لگا رہے ہیں۔ کہ مت دو اس کو سزا تین سال سے زیادہ۔ کیونکہ یہ مجسٹریٹ درجہ اول نے کرنا ہے جناب والا یہ ہماری amendment بڑی ہی جائز مناسب اور صحیح ترمیم ہے۔ اس پر ہم جناب والا آپ کی خدمت میں، فاضل وزیر قانون کی خدمت میں نہایت مودبانہ التماس کریں گے کہ پھر ہمارے سامنے وہ جوائنٹ سیٹنگ کا ہوا نہ لائیے خدارا یہ لوگوں کے اور عوام کے مفاد کے لئے ہے اس لئے اس کو قبول فرمائیے۔ اور اس کو قبول فرمانے سے ہم آپ کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ یہ جوائنٹ سٹینگ میں بھی جائے گا تو پاس ہوگا۔ ہم سے لکھوا لیجیئے کہ جوائنٹ سیٹنگ میں ہم آپ کا بل پاس کروائیں گے۔ ہم اس کو oppose نہیں کریں گے۔ لیکن خدارا اسے منظور کیجیئے اس پر ہماری بات کو مان لیجیئے۔

جناب چیئرمین: جی جناب آفتاب صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ ۔ جو اس سے پہلے کا amendment تھا وہ بالکل formal تھا لیکن یہاں پر ایک----ہے جناب وہ-----یہ ہے جناب کہ the court of session کو اختیار ہے death sentence لینے کا life imprisonment۔

جناب چیئرمین ۔ What is agitating me is کے سارے CR PC میں سب کے بارے میں یہی لکھا ہوا ہے یعنی ایک چیز کہ یہ مسئلہ تو پرانا ہے 307 کی سزا بھی زیادہ ہوتی ہے لیکن سب پر یہی لکھا ہوا کہ ---

آفتاب احمد شیخ ۔ میں ایک بات عرض کردوں پھر آپ فرمائیے گا۔میں عرض کروں کہ سیشن کورٹ کو section 30 میں 7 سال کی سزادینے کا اختیار تھا جیسے point out کیا گیا۔ آپ کے سامنے کورٹ آف سیشن کے اختیارات--- آپ کو معلوم ہیں کورٹ آف سیشن کو concurrence of the court of session with the court of 1st Class سے concur کیا گیا ہے Magistrate. اب آپ کی ایک offence کے سلسلے میں 381(a)--- کی طرف توجہ دلاؤں گا جناب چیئرمین! 173 سیکشن کہتا ہے

Every investigation under this Chapter shall be completed without unnecessary

delay and as soon as it is completed the officer incharge of the police station shall forward to a Magistrate empowered to take cognizance of the offence on a police report, a report in the form prescribed by so and so and so .

اگر مجسٹریٹ کو cognizance لینے کا اختیار ہے تو پولیس آفیسر چالان کبھی سیشن کورٹ کو نہیں بھیجے گا۔ یہ چالان submit کیا جائے گا before the court of Magistrate 1st Class اور جیسے کے ابھی جو وجوہات بیان کی گئیں، مجھے تو کوئی ایسا کیس نظر نہیں آتا کہ جس میں مجسٹریٹ یہ کہے کہ جناب اس کے evidence اور ہے سیشن کورٹ کو 7 سال کی adequate punishment دینے کا اختیار ہے جس مین تین سال کی سزا دے سکتا ہے۔ لہذا میں پیپر وہاں بھیجتا ہوں، نہیں، جناب ،جب اس کو اختیار ہے offence کی cognizance لینے کا اختیار اس کی، رپورٹ آئی پولیس سے اس کو اختیار ہے وہ کیس چلائے گا اور اپنی jurisdiction کے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے وہ سزا دے دے گا یہ دونوں باتیں جو ہیں anomalous ہیں اس میں سیکشن 30 مجسٹریٹ کے الفاظ آنے چاہئیں۔ اس offence کی جو proposed punishment ہے اس کا اختیار سیکشن 30 مجسٹریٹ کو ہےیہ بات جو ہے اس کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں اس میں difficulty پیدا ہوگی اس میں مشترکہ اجلاس کی طرف آپ جا رہے ہیں تو ٹھیک ہے چلے جائیں ،اور اگر نہیں مانتے آپ ،تو ظاہر ہے کہ آخری بات تو وہی ہے، کہ وہ جیسے پہلے agreement ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین ۔ جی پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ جناب چیئرمین !میرا خیال ہے کہ اس مسئلے کے اوپر خاصی روشنی پڑ چکی ہے۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال it needs full examination why is it so کہ ساروں پر یہی لکھا ہوا ہے ..... It needs broader۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے اور اس کی اصلاح کرنے کی ضرورت ہے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر ۔ سیکشن 30 مجسٹریٹ کو ہر وہ offence سماعت کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ، جس کی سزا موت نہیں ہے-----

Mr Chairman: And one of the questions, I think, which would require examination is that even a Magistrate Section 30 conferred under section 30. is also a Ist Class with powers conferred under section 30.

تو یہ examine کریں۔ OK جی جناب لاءمنسٹر صاحب پھر منظور ہے

Mian Raza Rabbani: Yes, Sir.

Mr. Chairman: The question is whether the House permits them to withdraw this.

Mian Raza Rabbani: Yes, Sir.The amendment was withdrawn.

Mr. Chairman: O. K. The amendment stands withdrawn, in the light of the assurance of the honourable Minister. O.K.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: That will form part of the record of the Senate.

Mian Raza Rabbani: It is a part of the record.

Mr. Chairman: The question is:- that clause do form part of the Bill?

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 3 forms part of the Bill.

The question is:

that clause 1, Short Title and Commencement do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Clause 1, Short Title and Preamble form part of the Bill. Please read out the next motion to pass it.

Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move: that the Bill further to

amend (The Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure , 1898, The Criminal Law (Amendment) Bill, 1995), be passed.

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Raza Rabbani, Minister of State for Law and Justice: that the Bill further to amend (The Pakistan Penal Code1960 and the Code of Criminal Procedure, 1898, [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1995], be passed.

Ch.Muhammad Anwar Bhinder: Opposed

جناب چیئرمین، جی بھنڈر صاحب آپ oppose کرتے ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب، ہم یہ تاثر نہیں دینا چاہتے کہ جس شکل میں یہ بل آیا تھا اس کو unanimously ہم نے پاس کیا ہے۔ Third reading میں اس لئے ہم اس کو oppose کر رہے ہیں کہ ہم نے اپنی باتیں رجسٹرڈ کروائیں۔ ہم نے اپنی ترامیم دیں۔ اور ان ترامیم پر اور ان views پر ہم نے وہ ترامیم اس لئے واپس لیں، اس یقین دہانی کے ساتھ کہ ہم Private Members Bill لائیں گے اس کو improve کریں گے اور اس کو صحیح شکل میں لانے کی یہ کوشش کریں گے اور حکومت اس کی مخالفت نہیں کرے گی، کیونکہ جناب والا! رات کو جو ٹی وی پر آئے گا اور ریڈیو پر آئے گا اور جو پرفارنس آئے گی وہ تو آئے گی کہ بل unanimously پاس کردیا۔ جناب والا! ہم نے unanimously پاس نہیں کیا۔ ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ہم Law کی improvement کے لئے، ان کی مخالفت کے لئے نہیں، صرف قانون کی improvement کے لئے، اچھی باتوں کو ان میں لانے کے لئے، اچھی باتوں کی نشاندہی کرنے کے لئے اور یہ درخواست کرنے کے لئے کہ ان کو اپناؤ، ہم نے اس بل کی مخالفت کی ہے basically ہم اس سزا کے خلاف نہیں تھے۔ لیکن جس شکل میں یہ بل آیا ہے ہم نے اس کی اپوزیشن کی ہے اور ہم یہ توقع رکھتے ہوئے کہ جس فضاء میں اور جس ماحول میں یہ assurances دی گئی ہیں ان assurances میں ہم شاید آئندہ اس قانون کی شکل بہتر کر کے کوئی نیا بل ضرور لائیں گے اور حکومت اس کی اپوزیشن نہیں کرے گی اس لحاظ سے ہم اس بل کی اس شکل میں مخالفت کریں گے۔

Mr.Chairman: Again please, Aftab Ahmed Sheikh Sahib.

جناب آفتاب احمد شیخ: میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بل تو ہم آج پاس کر رہے ہیں اور ترامیم آج زیر بحث آئیں۔ ٹی وی پر تو کل ہی آ گیا کہ بل پاس ہو گیا۔ یعنی یہ تو عالم ہے کہ جب کہ اس بل---- if you want to verify, you verify from the Television کل خبروں میں میں نے خود سنا ہے کہ بل پاس ہو گیا۔ میں نے کہا کیسے پاس ہو گیا۔ ابھی ترامیم باقی ہیں

جناب چیئرمین: وہ میرے خیال میں سمجھے نہیں۔ کل ایک Motion پاس ہوگیا تھا تو انہوں نے سمجھا بل پاس ہو گیا ہے

جناب آفتاب احمد شیخ: جناب' بات یہ ہے کہ اس بات کا clarification بھنڈر صاحب نے کیا' بالکل صحیح کیا۔ عرض یہ ہے کہ ہماری اس میں ترامیم تھیں اور چونکہ ہم نے accomodate کیا وزیر قانون کو جو کچھ ہم نے بتایا section 30 کی ترمیم یا اور دوسری ترامیم subject to this کہ یہ آگے بل کی شکل میں ہم پیش کریں گے تب کہیں جا کر یہ بل پاس ہو رہا ہے۔ کوئی unanimous نہیں ہے۔ ہمارے conditional views کے ساتھ بل پاس کیا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir,I will take a minute.

Sir, I would like to assure the House, through you, Mr. Chairman, that as far as legislation is concerned, the Government will always welcome, has welcomed and in future will welcome all constructive suggestions that may come from the Opposition side and it has been my endeavour and the endeavour of this Government to accommodate all suggestions because we believe in giving good legislation to the country and we feel that good legislation can only come if the Government and the Opposition sit together on laws and thrash them out because laws remain on the statute books for ever. Therefore, as good laws that can come, we would endeavour to do that. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Once again. It has been moved by Mr. Raza Rabbani,

Minister of State for Law and Justice that the Bill further to amend [The Pakistan Penal Code1960 and the Code of Criminal Procedure, 1898, The Criminal Law (Amendment) Bill, 1995], be passed.

(The Bill was passed)

Mr. Chairman: The Bill stands passed.

General Sahib wants to say someting.

Maj. Gen. (Retd) Naseerullah Khan Baber: I did talk to the Home Secretary because he was available. The Home Minister Mushtaq Awan has gone to Faisalabad in Gojra but I think a message has been conveyed on the wireless and I can assure the membes here that Mr. Shahbaz Sharif will be brought back to Rawalpindi but they will also have to support us in one manner that their workers I believe go there everyday and they create a lot of noise and other things. Though that can be controlled by the police, tomorrow they will again come up. But they have to give us assurance because they say that all the other *Mullaqatis* cannot go on with their business and that was the reason that they have shifted him which I do not think is a very valid thing. So, we will ensure that he comes back. But they will also have to give us support.

Mr. Chairman: Thank you.

THE PAKISTAN STANDARDS INSTITUTION

(Certification Marks)(Amendment) BILL, 1994.

Mr. Chairman: Item No.5. Mian Raza Rabbani.

Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move. That the Bill further to

amend the Pakistan Standards Institution (Certification Marks) Ordinance, 1961 [The Pakistan Standards Institution (Certification Marks) (Amendment) Bill, 1994] as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Chairman: It has been moved: That the Bill further to amend the Pakistan Standards Institution (Certification Marks) Ordinance, 1961 [The Pakistan Standards Institution (Certification Marks) (Amendment) Bill, 1994] as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Bill stands moved. Subedar Mandokhel.

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ وزیر داخلہ صاحب شہباز شریف کو اڈیالہ جیل لاہ رہے ہیں ' میں ان سے ایک وضاحت چاہتا ہوں کہ ہم سینیٹرز جو ان سے ملاقات کے لئے جاتے ہیں ہمیں کہاں سے اجازت لینی پڑے گی۔ ہمیں وہاں جا کر اجازت لینی پڑے گی یا ہوم سیکریٹری سے اجازت لینی پڑے گی۔

جناب چیئرمین۔ ہوم سیکریٹری سے لیکن کل انہوں نے کہا تھا کہ آپ درخواست دیں تو آپ کی درخواست منظور کر لی جائے گی اور most favoured status دیا جائے گا۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ میں جنرل صاحب کا شکرگزار ہوں کہ دو سال میں پہلا اچھا آرڈر انہوں نے کیا ہے --

Mr. Chairman: This is a very good gesture, appreciate this.

جناب صوبیدار خان مندوخیل ۔ یہ بھی گزارش ہے کہ ہمیں یہ خود اجازت دیں تا کہ ہوم سیکریٹری کے پاس نہ جانا پڑے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ ہم وزیر داخلہ صاحب سے اجازت لے لیں گے۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ)نصیر اللہ خان بابر۔ نہیں ' نہیں--

Mr. Chairman: I think, you will have to follow the procedure.

(interruption)

جناب چیئرمین۔ جناب ڈومکی صاحب۔

میر نبی بخش ڈومکی۔ جناب والا ! کل کے اخبار میں آیا ہے کہ نواب بگٹی کے خلاف great operation کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں ۔ پہلے مرحلے میں فوجی چوکیوں پر فائرنگ کروا کر پیرا ملٹری فورس سے نواب بگٹی کے قلعہ پر حملہ کروایا جائے ۔ ڈیرہ بگٹی میں فوجی چوکیوں کے قیام کا مقصد نواب بگٹی کے خلاف گھیرا تنگ کرنا ہے اور اس کارروائی کو وفاقی حکومت اور گورنر کی آشیر باد حاصل ہے۔ اس کے متعلق وزیر داخلہ صاحب کچھ فرمائیں۔

Mr. Chairman: Would you like to say something on this matter.

Maj. Gen. (Retd.)Naseerullah Khan Babar: Sir, the point is first of all, I don't know which newspaper he has quoted....

میر نبی بخش ڈومکی۔ یہ اخبار "زمانہ" کوئٹہ کا ہے ----

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب! یہ اسی area کی ایک اور خبر ہے کہ سوئی گیس فیلڈ کے چار ملازمین اغوا ' رہائی کے لئے آٹھ لاکھ کا مطالبہ ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ یہ ملازمین ڈیوٹی دے کر گھر آ رہے تھے کہ مسلح افراد سنگین کی نوک پر ' سفید رنگ کی ٹیوٹا کار میں ان کو لے گئے ۔ رہائی کے لئے آٹھ لاکھ روپے کا مطالبہ کیا ہے اغوا کنندگان میں یعنی جو abductors ہیں ان میں سرکاری ملازم بھی شامل ہیں ۔ تفصیلات کے مطابق محمد یوسف ولد وشو خان ' رحمت اللہ ' حمید ولد راہی خان ' مرید ولد پہلوان خان سوئی فیلڈ پلانٹ میں ڈیوٹی دے کر بارہ بجے کے قریب آ رہے تھے تو ان کو اغوا کر لیا گیا اور پہلے سے وہ لوگ وہاں بیٹھے تھے مزدوروں کی واپسی کے لئے آٹھ لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔ سوئی گیس Employees Union کے Deputy Secretary General داد محمد اور Pakistan Petroleum Limited Workers Union کے Genral Secretary حاجی عبدالکریم نے صحافیوں کو بتایا ہے کہ گورنر بلوچستان کے اس اعلان کے بعد کہ سوئی ملازمین کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا اس پر ملازمین کی کثیر تعداد واپس سوئی جانا شروع ہو گئے ہیں مگر حکومت نے ملازمین کے تحفظ کو یقینی نہیں بنایا۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب وزیر داخلہ صاحب۔

Maj. Gen.(Retd.) Naseerullah Khan Babar: Sir, the point is, first of all I don't know the viability of that item but this is my complaint also that the press apparently has learnt one term 'grand operation', whether it is vis-a-vis Karachi whether it is vis-a-vis Peshawar or any other place, I would request them not to use such language which can then just bring about fears in the mind of people. They can use any other term. There is no design, there is no intent to have any operation conducted against Nawab Akbar Bugti. There is none at the moment. As far as the second one is concerned, I have been taken unaware because it has not been reported by any agency but I am just meeting, in fact, that is why I was going to meet the Governor of Balochistan. I will take up the issue with him and if there is any truth in it, I think it will be looked after and will be looked into.

Mr. Chairman: Thank you. Yes Qazi Hussain Ahmed.

قاضی حسین احمد۔ میں نے ایک توجہ دلائی تھی وہ وزیر داخلہ سے متعلق ہے کہ ایک خاتون اغوا ہوئی ہے بچے کے سمیت۔

Maj. Gen. (Retd.) Naseeruallh Khan Babar: I heard that in my chamber, if I get that I will look into that. I think I have already sent it to the Sindh Government,

میں نے کل بھیجی ہے لیکن اگر نہیں بھی ہو ' I will take it up immediately بات جو آپ نے یہاں کی تھی وہ میں نے اپنے چیمبر میں سنی ہے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ جی اب Call Attention Notice بھی ہے پروفیسر خورشید احمد صاحب کا۔

جناب رضا ربانی۔ Call Attention کے لئے میں request کروں گا کہ '

if you take it on Sunday because the Minister was here but then with the walk out and all he has also gone.

جناب چیئرمین۔ وہ بھی واک آؤٹ کر گئے ہیں ۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ جی آپ لوگوں نے واک آؤٹ کیا تو وہ بھی واک آؤٹ کر گئے ۔

میاں رضا ربانی ۔ نہیں جناب '

He was here till legislation started. So, then he thought that they don't come.

جناب چیئرمین۔ تو کیا کرنا ہے پھر۔

میاں رضا ربانی۔ جناب سنڈے کو carry over کر لیں ۔

پروفیسر خورشید احمد۔ ٹھیک ہے سنڈے کو لے لیجئے ۔

جناب چیئرمین۔ سنڈے کو Private Member's Day ہو گا !

میاں رضا ربانی ۔ سوموار کو رکھ لیں جناب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ سوموار کو لے لیجئے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے 'Anything else?۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ ایک چیز اور بھی میں عرض کر دوں کہ adjournment motions جو Ministry of Finance سے متعلق ہیں تو مخدوم شہاب الدین صاحب نے کہا ہے کہ وہ اتوار کو نہیں آسکیں گے اس لئے ان کو بھی Monday کو لیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ' یہ نوٹ کر لیں ۔ یہ کہتے ہیں کہ جی سنڈے کو بھی کال اٹنشن آسکتا ہے ۔

میاں رضا ربانی ۔ تو پھر سنڈے کو رکھ لی جناب ۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ لیکن وزیر صاحب available ہوں گے یہ آپ assure کر رہے ہیں ۔

میاں رضا ربانی ۔ جی، جی، آ جائیں گے۔

Mr. Chairman: O.K., and what about,

یہ جو آپ فرما رہے تھے کہ جی مخدوم صاحب اتوار کو نہیں ہوں گے وہ adjournment motion سوموار کے لئے رکھ لیں۔

میاں رضا ربانی۔ جی ہاں وہ Monday پر رکھ لیں باقی دوسرے اتوار کو آ جائیں گے۔

Mr. Chairman: Right. Anything else?

ٹائم ہے 'Any other issue, any other matter, any other point.۔

قاضی حسین احمد۔ ڈیڑھ بجے نماز ہے جناب!

جناب چیئرمین۔ پونے دو بجے ہے نماز ۔

قاضی حسین احمد۔ جی نہیں پونے دو بجے نہیں ہے، ڈیڑھ بجے ہے ۔

جناب چیئرمین۔ کل ہم نے مولانا سمیع الحق اور عبدالستار نیازی صاحب اور دو چار علماء کی consensus سے نماز کا ٹائم پونے دو بجے رکھا تھا۔

قاضی حسین احمد ۔ اذان ہو گئی ہے جی ڈیڑھ بجے نماز ہے ۔

Mr. Chairman: So, the House is adjourned till Sunday 4.00 p.m.

[The House then adjourned to meet again at 4.00p.m. in the evening on Sunday the 31st December, 1995]